رہبر معظم کا ڈاکٹر میر محمدی کے انتقال پر تعزیتی پیغام - 3 /Mar/ 2020

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے مجمع تشخیص مصلحت نظام کے رکن جناب ڈاکٹر میر محمدی کے انتقال پر تعزیتی پیغام ارسال کیا ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

میں اپنے ایک دیرینہ ساتھی جناب ڈاکٹر سید محمد میر محمدی کے غم انگیز انتقال پر مرحوم کی محترمہ ہمسر، اولاد اور دیگر پسماندگان کو تعزیت اور تسلیت پیش کرتا ہوں۔ وہ مختلف عہدوں کے دوران ہمیشہ نفسی سلامتی اور عملی سلامتی پر گامزن رہے۔ اللہ تعالی کی بارگاہ سے مرحوم کے لئے رحمت و مغفرت اور ان کے پسماندگان کے لئے صبر جمیل طلب کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای

13/12/98